بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد

نمبر: 9491 جی۔آر   مورخہ: 19-08-2019

سرکلر

جناب پرنسپل رہیڈ ماسٹر رہیڈ مسٹریس،

الحاق شدہ جملہ ہائی رہائیر سیکنڈری سکولز،

فیصل آباد، جھنگ،ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ اضلاع

عنوان:۔ جماعت نہم سالانہ امتحان 2019 میں پاس/ 33% سے کم نمبر حاصل کرنیوالے اور غیر حاضر طلباء/ طالبات کی ری ایڈمشن کی تاریخ اور رجسٹریشن آن لائن کٹ لسٹ کی مصدقہ ہارڈ کاپی بورڈ ہذا میں دستی وصول کروانے کا شیڈول۔

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ!

مطلع کیا جاتا ہے کہ نہم جماعت میں ری ایڈمشن کے لئے درج ذیل شیڈول منظور کیا گیا ہے:

نمبر شمار	نہم میں ری ایڈمشن طلبہ کا داخلہ Online رجسٹریشن اور بنک میں فیس جمع کرانے کی آخری تاریخ	اصل کمپیوٹرائزڈ بینک چالان ورجسٹریشن کی ہارڈ کاپی سربراہ ادارہ سے تصدیق شدہ بورڈ میں دستی جمع کروانے کی آخری تاریخ
1	20-09-2019	21-09-2019
2	ری ایڈمشن فیس فی طالبعلم	مبلغ -/1395 روپے

مطلع کیا جاتا ہے کہ امسال سالانہ امتحان 2019 میں جماعت نہم میں پاس/ 33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے اور غیر حاضر رہنے والے طلباء/ طالبات فیصل آباد بورڈ کی حدود میں واقع کسی بھی الحاق شدہ ادارہ میں اپنی مرضی سے پچھلا نتیجہ چھوڑ کر کسی بھی گروپ رکمبی نیشن میں اپنے پہلے سے الاٹ شدہ رجسٹریشن نمبر کے تحت ری ایڈمٹ ہو سکتے ہیں نیز پاس امیدواران جو اپنے حاصل کردہ نمبروں سے غیر مطمئن ہونے کے باعث جماعت نہم میں دوبارہ (Re-Admission) ہونے کے خواہش مند ہیں وہ اپنے نتیجہ کی منسوخی کی بابت بیان حلفی اور درخواست (نمونہ بیان حلفی بورڈ کی ویب سائٹ پر موجود ہے) اپنے متعلقہ ادارہ میں ہی جمع کروائیں گے اور ادارہ پاس امیدواران کا بیان حلفی، ری ایڈمشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی کے ساتھ رجسٹریشن برانچ میں جمع کروانے کا پابند ہوگا بصورت دیگر سربراہ ادارہ ذمہ دار ہوگا جبکہ دیگر شرائط سرکلر نمبر 9481 جی آر مورخہ 3-4-2019 کے مطابق لاگو رہیں گی۔

نوٹ: مقررہ شیڈول کے مطابق آن لائن کٹ لسٹ کی ہارڈ کاپی وصول نہ کروانے کی صورت میں مبلغ -/500 روپے یومیہ لیٹ فیس ادا کرنا ہوگی۔

دستخط/-

(پروفیسر محمد افضل چوہدری)

سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع:۔

1۔ چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ایجوکیشن) فیصل آباد، جھنگ،ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ۔

2۔ جملہ سربراہان، ہائر سیکنڈری سکولز رسکولز فیصل آباد، جھنگ چنیوٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ۔

3۔ داخلی تقسیم

(میاں محمد عارف نوید)

ڈپٹی سیکرٹری (جنرل)